22/05/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔عابدہ اختر

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوان پود کی با اختیاری کےلئے سرکار اور سماجی تنظیموں کے درمیان مضبوط اشتراک پر زور دیا ہے۔ کٹرہ میں اکشیہ پاترافاؤنڈیشن کی مرکزی باورچی سہولت کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقعے پر انہوننے کہا کہ سکولی بچوں کو مقوی اور متوازن غذا ملنی چاہئے۔

لیفٹنٹ گورنر نے اکشیہ پاترا کی بے لوث خدمات کی سراہنا کی جو سکول غذائی سیکٹر میں دنیا کی بڑی غیر سرکاری تنظیموں میں شامل ہے۔ یہ فاؤنڈیشن ابھی16ریاستوں اور 3یوٹیز میں20لاکھ سے زیادہ بچونکو کھانا فراہم کر رہی ہے۔

........LG...........

اندرابی

لیڈر ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے جرائم سے پاک ایک معاشرے کی BJP جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن اور سینئر تشکیل کیلئے ثقافتی اور روحانی روابطہ کو ہمارے شاندار ماضی کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔

نامی ایک سماجی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر اندرابی نے کہاکہ ہماری نوجوان نسل "Asluk Aalav" شوپیاں میں کو پروان چڑھانے کیلئے منشیات اور تشدد سے پاک ماحول کی ضرورت ہے ۔

............Darakshan........

کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول او ر دیگر لیڈران بھی موجود تھے۔BJP اس موقعے پر پردیش

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے محکمہ جنگلاتی زمین کی صحیح حد بندی اور اس کی حفاظت کیلئے جنگلات کے نقشوں کی مکمل ڈیجٹائزیشن مکمل کرنے کی ہدات دی ہے۔

کے تحت جنگل بانی اور ماحولیات کی بحالی سے متعلق کاموں کی مادی حصولیابیوں کا تفصیلی جائزہ CAMPA انہوں نے لیا۔

ا س موقعے پر جانکار ی دی گئی کہ اس پہل کے شروع ہونے سے اب تک ایک لاکھ 6ہزار ہیکٹر اراضی کے رقبے پر 7سو46لاکھ پودے لگائے گئے ہیں۔

اعجاز اسد

محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکریٹری محمدا عجاز اسد نے کہا ہے کہ مالی سال 2025-26کیلئے حمایت اسکیم کے تحت 2ہزار248امیدوارونکوروزگار فراہم کرنے کا ہدف رکھا گیاہے جن میں سے تا حال 1ہزار615 امید واروں کو تربیت دی گئی ہے اور پھر ان میں سے 650 امید واروں کو کام پر لگادیا گیاہے۔

وہ سرینگر مینحمایت اسکیم سے متعلق پروجیکٹ عمل آوری ایجنسیوں کی ایک میٹنگ میں بول رہے تھے۔

انشل گرگ

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے یاترا2026کے سلسلے میں خدمات کے فراہم کنند گاں کے اندراج نیز تعمیراتی کامونکی بر وقت تکمیل یقینی بنانے پر زو ر دیاہے۔

وہ سرینگر میں شری امر ناتھ جی یاترا2026کے سلسلے میں تیاریوں اور انتظامات کاتفصیلی جائزہ لے رہے تھے۔

کولگام

ادھر ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے بھی ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں رواں سال کی یاترا کے احسن انعقاد کے سلسلے میں ضلع سطح کی تیاریونکا جائزہ لیا۔

انہوننے متعلقہ محکموں کو اس بارے مینسبھی انتظامات پیشگی مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

بینک

جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے اور لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

امیتابھ چٹر جی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات CEO اس تعلق سے جمونو کشمیر بینک کے منیجنگ ڈائریکٹر اور کر تے ہوئے کہا۔

-----Amitab---

نشہ

جموں کشمیر میں جاری منشیات کے خلاف سو روزہ ابھیان کے تحت اب تک ہزاروں جانکاری پروگرام منعقد کئے گئے ہیں جن میں لاکھوں کی تعداد میں لوگوننے اپنی سرگرم شرکت دکھا کر منشیات کے خلاف اپنی پختہ ارادی کا اظہا رکیا ہے۔

گاندربل

اسی سلسلے کی ایک کڑی کے تحت ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور کی صدارت میں ضلع سطح کی نارکو کارڈنیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران ضلع مینمنشیات مخالف اقدامات اور اس لت میں پڑے نوجوانوں کی بحالی کیلئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیاگیا۔

بانڈ ی پورہ

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ہی ضلع بانڈی پورہ کے کئی تعلیمی اداروں میں بھی کچھ جانکاری پروگرام منعقد کئے گئے۔

اس دوران طالب علموں اور دیگر شرکاءکو منشیات کی بدعت کے خلاف ڈٹ کر کھڑا رہنے کا عہد دلایا گیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13اعشاریہ 4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ27 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ